اس ٹیم کے سب ملازمین کو برابری حاصل ہے، چاہے وہ مرد ہو یا عورت اور ان سب کی ہدایات پر عمل کرنا لازمی ہے۔

پول میں عام لباس پہننے کی اجازت نہیں ہے۔ صرف تیراکی کے لیے موزوں لباس پہنیے جیسے کہ بکنی، برکینی یا دیگر سوئمنگ کے کپڑے۔

مردوں اور عورتوں کے کپڑے تبدیل کرنے کے کمرے، ٹائلیٹ اور نہانے کے کمرے علیحدہ ہیں۔ برائے مہربانی اس کا خیال کریں۔

سوئمنگ پول میں داخل ہونے اور تیرنے سے پہلے نہانے کی جیل/صابن کی مدد سے اچھی طرح سے نہانا لازمی ہے۔

غیر تیراکوں کو صرف پول کے ان حصّوں میں داخل ہونے کی اجازت ہے جو غیر تیراکوں کے لیے مخصوص کیے گیے ہیں اور جہاں پانی کی گہرائی صرف کمر تک ہے۔

ارد گرد کے لوگوں کو پانی کے اندر یا پانی کے نیچے دھکیلنا یا پکڑنا سختی سے منع ہے۔

پول میں چھلانگ اور غوطہ لگانے کی اجازت صرف اس صورت میں ہے جب پانی گہرا ہو اور آس پاس زیادہ تیراک نہ ہوں۔

ہر ایک کا احترام کرنا لازمی ہے، خاص طور پر بچوں اور بزرگوں کا۔

وہ بچے جو تیر نہیں سکتے، پول کے اندر اور آس پاس ہمیشہ مخصوص تیراکی آلات کا استعمال کریں جنکی مدد سے وہ پانی کی سطح سے اوپر رہ سکیں۔ ان بچوں کی نگہبانی کے لیے ہر وقت ایسے ذمہدار افراد یا والدین کا موجود ہونا ضروری ہے جنکو تیرنا آتا ہو۔

خواتین کے خلاف کسی قسم کا بھی غیراخلاقی طرزعمل یا نامناسب رویہ ہر گز برداشت نہیں کیا جائیگا۔ آوازیں کسنا، اشارے کرنا، نامہذب بات چیت یا چھونا سختی سے منع ہے۔ عورتوں کا احترم لازمی ہے، چاہے انہوں نے جیسا بھی لباس پہنا ہو۔

سوئمنگ پول اور اسکے گرد ونواح میں موجود کسی بھی شخص کی اسکی اجازت کے بغیر تصاویر اتارنے یا فلم بنانے کی بالکل اجازت نہیں ہے۔